1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 2023-25 تا 2020-22) پرچہ (I) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ SGD-1-24 PAPER CODE 2023 کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | علی سالار کی بیماری کی خبر سُن کر گھر میں پٹس پڑ ______ | گئے | گئی | گئیں | گیا |
| 2 | "رقیق القلبی" سے مراد ہے۔ | نرم دلی | غضب ناک | سخت دل | غصیلہ |
| 3 | "ادیب کی عزت" کا مرکزی کردار ہے۔ | سکینہ | قمر صاحب | رئیس | حافظ صمد |
| 4 | بمبئی سے ایک عرب عربی میں ترجمہ کرنا چاہتا تھا۔ | شکوہ کا | رموزِ بے خودی کا | اسرارِ خودی کا | جواب شکوہ کا |
| 5 | بیگم وجیہہ ہاشمی کا تعلق کس تنظیم سے تھا۔ | نیپکا | پیپلا | اپیکا | اپوا |
| 6 | نصریف کے مطابق دانت نکالنے کا آلہ ہے۔ | مقامع الاسنان | نشتر | محقن | تاثاطیر |
| 7 | افق پر چاند اور سورج نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔ | مطلع | مقطع | قافیہ | ردیف |
| 8 | مطلع کے دونوں مصرعوں میں ضروری ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | ردیف | قافیہ |
| 9 | دشت میں ہم مکالمہ ناصر ، اپنی دیوانگی سے کرتے ہیں۔ یہ شعر غزل کا ہے | تقیب | مطلع ثانی | مقطع | مطلع |
| 10 | بر ارضِ فلسطین بڑا ظلم ہوا ہے۔<br>ہے خون سے رنگین بڑا ظلم ہوا ہے۔<br>اس میں قوافی ہیں۔ | ارض۔ خون | فلسطین۔ رنگین | ظلم ہوا ہے | خون۔ ظلم |
| 11 | ردیف کے الفاظ ہوتے ہیں۔ | ہم شکل | ہم آواز | مہمل | ترنم |
| 12 | حروف تشبیہ کا دوسرا نام ہے۔ | وجہ شبہ | غرض تشبیہ | طرفین تشبیہ | ادات تشبیہ |
| 13 | مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں۔ | طرفین تشبیہ | حسن تشبیہ | مابین تشبیہ | قطبین تشبیہ |
| 14 | وجہ جامع رکن ہے۔ | تلمیح کا | تشبیہ کا | استعارہ کا | علم بدیع کا |
| 15 | استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ | چار | تین | پانچ | سات |
| 16 | لفظ تلمیح مشتق ہے۔ | لمحوں سے | لمحے سے | لمحات | لمح |
| 17 | جدید دور ______ بہترین بدرقہ گوگل ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 18 | میرے گھر ______ بنا مضبوط ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 19 | ہر شخص اپنے جسم ______ برہنگی پر نادم ہوتا ہے۔ | کے | کا | کی | کو |
| 20 | علی اردان نے آج شیو نہیں ______ | بنوائیں | بنوائے | بنوائی | بنوایا |



ParhloPakistan.com

1124 انٹر پارٹ (I) — وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ پہلا) (سیشن 2023-25 تا 2020-22) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے — کل نمبر 80

SGD-1-24

## حصہ اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

وہ دشت ، وہ نسیم کے جھونکے ، وہ سبزہ زار × پھولوں پہ جا بجا ، وہ گہرہائے آب دار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا ، بار بار × بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ، ہزار

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

رسمِ جفا کامیاب ، دیکھیے کب تک رہے × حُبِ وطن مست خواب ، دیکھیے کب تک رہے
تا بہ کجا ہوں دراز ، سلسلہ ہائے فریب × ضبط کی لوگوں میں تاب ، دیکھیے کب تک رہے
پردۂ اصلاح میں ، کوششِ تخریب کا × خلقِ خدا پر عذاب ، دیکھیے کب تک رہے

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) اب تم کو کیسے سمجھاؤں۔ ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہل دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہوجاتا ہے۔

(ب) میں ابھی تک علیل ہوں، گو پہلے کی نسبت بہت افاقہ ہے۔ دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ کامل صحت عطا فرمائے۔ حکیم اجمل خاں صاحب نے دہلی سے دوا بھیجی تھی مگر اس سے بھی کم فائدہ ہوا۔ کل گورداس پور سے ایک حکیم صاحب خود بخود تشریف لے آئے تھے۔ انہیں کسی سے میری علالت کا حال معلوم ہوا تھا۔ دوا دے گئے ہیں جس سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس دوا سے فائدہ ہوجائے گا کیوں کہ جن اجزا سے یہ مرکب ہے ان میں سے ایک اخلاص بھی ہے جو ان حکیم صاحب کو میرے مکان تک لے آیا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) اپنی مدد آپ (ii) اوورکوٹ

5۔ سید محمد جعفری کی نظم ''ایبسٹریکٹ آرٹ'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ استاد اور شاگرد کے مابین ''مسئلہ فلسطین'' کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ 10

......... یا .........

کالج میں منعقد ہونے والے مشاعرے کی روداد لکھیں۔

7۔ ''عمرہ'' کی ادائیگی کی رُخصت کے لیے پرنسپل صاحب کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

دنیا میں غریب بھی ہیں اور دولت مند بھی ہیں۔ دنیا میں غریب ہیں تو دنیا کا نظام چلانے میں معاونت ہورہی ہے۔ غریب محنت مزدوری کرتے ہیں تو امیروں کا کام ہوجاتا ہے اور امیر محنت کا معاوضہ ادا کرتے ہیں، جس سے غریبوں کی ضرورت پوری ہوتی ہے۔ دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں جو پرہیزگار، متقی اور نیک ہیں۔ جو دنیاوی جاہ وحشمت کی رغبت نہیں رکھتے۔ شب بیداری میں عبادت و ریاضت کرتے ہیں۔ ایسے متقی اور پرہیزگار اللہ والے دنیا کے لیے بہت بڑی نعمت ہیں اور دنیا قائم ہی اللہ والوں کی وجہ سے ہے، کیوں کہ اللہ کا وعدہ ہے کہ دنیا میں جب تک ایک بھی اس کا نام لیوا باقی ہوگا تو قیامت برپا نہیں کرے گا۔



ParhloPakistan.com